**شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی میت مورخہ 5 نومبر بروز جمعہ پاکستان روانہ کی جائے گی ۔ رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ**

**پاکستان روانگی سے قبل ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی نماز جنازہ 4 نومبر بروز جمعرات بعد نماز ظہر**

**ویسٹ ہینڈن براڈوے میں واقع ہینڈن مسجد میں ادا کی جائے گی**

**ہفتہ کو ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی میت کراچی پہنچے گی ، بعد نماز ظہر جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں**

**نماز جنازہ ادا کی جائے گی اور شہداء قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا**

**ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی میت کے ساتھ رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینر ڈاکٹر فاروق ستار ، رابطہ کمیٹی کے ارکان**

**رضا ہارون ، مصطفیٰ کمال ، واسع جلیل ، شہید کی بیوہ شمائلہ عمران ، شہید کے بچے ، والدین اور دیگر اہل خانہ بھی پاکستان جائیں گے**

**رابطہ کمیٹی کا اجلاس ، ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی میت کی پاکستان روانگی اور تدفین کے انتظامات کے حوالے سے مختلف فیصلے کئے گئے**

لندن ۔۔۔ یکم نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اعلان کیا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کے کنو ینز اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی میت مورخہ 5 نومبر بروز جمعہ پاکستان روانہ کی جائے گی اور شہید کو بروز ہفتہ عزیز آباد کراچی کے شہداء قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا ۔ تفصیلات کے مطابق آج لندن کی پولیس نے ڈاکٹر عمران فاورق شہید کے اہل خانہ اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کو میت حوالے کرنے کے بارے میں باقاعدہ آگاہ کیا ہے اور شہید رہنما کی میت حوالے کرنے کے بارے میں ضروری انتظامات کئے جا رہے ہیں جسکے بعد میت کو غسل دیا جائے گا ۔ ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی نماز جنازہ مورخہ 4 نومبر بروز جمعرات بعد نماز ظہر ویسٹ ہینڈن براڈوے کے علاقے میں واقع ہینڈن مسجد میں ادا کی جائے گی ۔ جس کے بعد شہید رہنما کی میت اگلے روز یعنی بروز جمعہ پی آئی اے کی پرواز سے پاکستان روانہ کی جائے گی ۔ ہفتہ کو ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی میت کراچی پہنچے گی جہاں بعد نماز ظہر جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں نماز جنازہ ادا کی جائے گی جس کے بعد شہید رہنما کو شہداء قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا ۔ ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی میت کے ساتھ رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینز ڈاکٹر فاروق ستار ، رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون ، مصطفیٰ کمال ، واسع جلیل ، شہید کی بیوہ شمائلہ عمران ، شہید کے بچے ، والدین اور دیگر اہل خانہ بھی پاکستان جائیں گے ۔ رابطہ کمیٹی لندن اور پاکستان کا ایک اجلاس پیر کی شب ہوا جس میں ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی میت کی وصولی ، نماز جنازہ کی ادائیگی ، میت کی پاکستان روانگی اور کراچی میں شہید رہنما کی تدفین کے سلسلے میں انتظامات کے حوالے سے مختلف فیصلے کئے گئے ۔ رابطہ کمیٹی نے کارکنان وعوام سے اپیل کی ہے کہ وہ شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے جنازے میں بھرپور تعداد میں شرکت کریں اور اپنے عظیم رہنما کو خراج عقیدت پیش کریں ۔

☆☆☆☆☆